Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۳۵ | ۲۲ صفر ۱۴۰۱ھ ۔ یکم صلح ۱۳۶۰ ہش ۔ یکم جنوری ۱۹۸۱ء | نمبر ۱

امسال جلسہ سالانہ کے موقعہ پر ۱۹ ممالک کے ۱۲۵ احمدی تشریف لائے

سب سے بڑا قافلہ انڈونیشیا سے آیا۔ امریکہ دوسرے نمبر پر رہا۔

ممالک بیرون سے تشریف لانیوالے مہمانوں نے پہلی بار تقاریر کا دو زبانوں میں ترجمہ سنا

ربوہ ۲۹ فتح / دسمبر۔ جماعت احمدیہ کے ۸۸ ویں جلسہ سالانہ ۱۹۸۰ء کے موقعہ پر پاکستان کے باہر کے ممالک سے امسال انیس ممالک کے ۱۲۵ احمدی مرد و خواتین اپنے اپنے ملک کے نمائندہ وفود کے طور پر شریک ہونے کے لئے تشریف لائے۔ پندرھویں صدی کے اس پہلے جلسہ سالانہ میں مسیح پاک کے ان مقدس و معزز مہمانوں کا اہل ربوہ نے پُرتپاک استقبال کیا۔ دوران جلسہ ان کی رہائش آرام و آسائش کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے تھے۔ ان احباب و خواتین کو تحریک جدید، انصار اللہ، خدام الاحمدیہ، صدر انجمن احمدیہ اور دارالضیافت کے جدید ترین رہائشی سہولتوں سے آراستہ گیسٹ ہاؤسز میں ٹھہرایا گیا تھا۔

بیرونی ملکوں کی جماعتوں کے ان نمائندہ وفود کے علاوہ ممالک شرق و غرب سے احمدی احباب ہزاروں کی تعداد میں اپنے طور پر ربوہ آئے۔ اور جلسہ سالانہ میں شرکت کی سعادت اور اس کی عظیم الشان برکات سے مستفیض ہوئے۔

بیرون پاکستان سے نمائندہ وفود کی شکل میں آنے والے مہمانوں میں سب سے بڑا قافلہ امسال انڈونیشیا سے آیا تھا۔ اس میں ۳۳ مرد و زن شامل تھے۔ جن میں ۲۰ مرد ۱۲ خواتین اور ایک بچہ تھا۔ دوسرے نمبر پر سب سے بڑا قافلہ امریکہ سے آیا تھا جس میں ۲۱ مرد و زن شامل تھے۔ ان میں ۸ مرد بارہ عورتیں اور ایک بچہ تھا۔

اس کے علاوہ جن ممالک کے نمائندگان تشریف لائے ان میں سے بعض کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

نائیجیریا	۱۲	ماریشس	۱۱
سورینام	۶	جرمنی	۶
ملائشیا	۵	فجی	۵
سیرالیون	۴	غانا	۳
ڈنمارک	۲	ہالینڈ	۲
برما	۲	سنگاپور	۱
سویڈن	۱	کینیڈا	۱
یوگنڈا	۱	مصر	۱

ان مہمانوں کے لئے جلسہ گاہ میں نشست گاہ کا بھی خصوصی انتظام تھا۔ سٹیج کے شمالی سمت سے منسلک شامیانے کے نیچے مہمانوں کے لئے خصوصی کرسیاں لگائی گئی تھیں۔ جہاں سے یہ معزز مہمان آرام و سکون سے تمام تقاریر سنتے رہے۔

امسال بیرون پاکستان سے آنے والے مہمانوں کی خصوصی کشش اور دلچسپی کا سبب یہ تھا کہ پہلی بار دو زبانوں میں تقاریر کے ترجمے کا انتظام کیا گیا تھا۔ یہ دو زبانیں انگریزی اور انڈونیشین تھیں۔ معزز مہمان کانوں سے ہیڈ فون لگائے انٹرپریٹر باکس INTER PERATORS BOX سے نشر ہونے والے تراجم سن رہے تھے۔ جس سے انہیں پہلی بار مرکز سلسلہ عالیہ احمدیہ میں کی جانے والی تقاریر براہ راست سننے کا موقعہ ملا۔ اور خاص طور پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پُرمعارف ارشادات اور زریں نصائح سے مستفید ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس کے علاوہ ان مہمانوں کے جماعت کے انتظام کے تحت ترجمان بھی ڈیوٹی پر متعین تھے۔ جن کی مدد سے ان احباب کو اہل ربوہ سے ملاقات اور تبادلہ خیال کا موقعہ میسر آیا۔ یہ احباب جب اپنے اپنے ملک کے قومی لباسوں میں ربوہ کی شاہراہوں پر گزرتے تھے تو یہ منظر احباب جماعت کے لئے انتہائی ازدیاد ایمان کا موجب ہوتا تھا۔ متعدد احباب ان غیر ملکی مہمانوں سے شرف مصافحہ و معانقہ حاصل کرتے اور ان سے گفتگو کر کے استفادہ کرتے اور اللہ تعالیٰ کے ان فضلوں، رحمتوں اور برکتوں کا مشاہدہ کرتے۔ کہ کس طرح سے مولا کریم نے قادیان سے اٹھنے والی تنہا آواز میں اتنی برکت اور قوت رکھی کہ وہ آج چار دانگ عالم میں پوری شان اور قوت سے گونج رہی ہے۔ اور ہزاروں میلوں سے

(باقی مسلسل صفحہ ۲ پر)

اخبار احمدیہ

۔ ربوہ ۳۰ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ حضرت اقدس کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

احباب کرام مولا کریم قادر مطلق معبود حقیقی کے آستانے پر جھکے رہیں کہ خدا تعالیٰ ہمارے جان سے پیارے آقا کو اپنی خاص الخاص رحمتوں اور فضلوں کے سائے میں اپنے فرشتوں کی تائید سے نوازے اور ہر گام پر حامی و ناصر ہو۔ آمین

۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے الحمد للہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضرت سیدہ موصوفہ مدظلہا العالی کو صحت و سلامتی اور خیر و عافیت سے رکھے۔ اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے آمین

کیا آپ چندہ عام، حصہ آمد چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما چکے ہیں؟ (ناظر بیت المال آمد ربوہ)

ادارہ الفضل ربوہ کی طرف سے

قارئین کرام کو

نیا سال مبارک

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ نئے سال میں ہمیں پہلے سے بڑھ چڑھ کر غلبۂ اسلام کی آسمانی مہم میں قربانیاں دینے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

احمدی احباب ہزاروں روپے خرچ کر کے چند دن مرکز سلسلہ عالیہ احمدیہ میں گزارنے تشریف لاتے ہیں۔ اور روحانی معارف و خزائن سے اپنی جھولیاں بھر کر واپس ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان مہمانوں کی عمر میں برکت دے۔ ہمیشہ ان کو اپنی رضا کی راہوں پر چلائے اور ان کے وجود کو بہتوں کے لئے قبول حق کا موجب بنائے۔ اور اس کی توحید اور محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا جھنڈا جلد از جلد پوری دنیا پر لہرانے لگے۔

آمین ثم آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عاجزانہ درخواست دعا

از ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب ربوہ۔

احباب جماعت کو معلوم ہے کہ یہ عاجز ماہ مارچ سے مختلف عوارض سے بیمار چلا آ رہا ہے۔ اور اب دس ماہ ہو گئے ہیں۔ نومبر میں بیماری بہت حد تک اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے ٹھیک ہو گئی تھی۔ مگر دسمبر میں کچھ اشد ضروری مصروفیات ایسی ہو گئیں کہ آرام جو اس بیماری کے لئے ضروری ہے نہ مل سکا۔ پہلے خاکسار کے لڑکے کی شادی کی مصروفیت رہی، پھر جلسہ سالانہ کی مصروفیت شروع ہو گئی۔ اس اثنا میں چند دن ہوئے جو ٹیسٹ کروایا ہے۔ اس میں خون میں کمی زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اور پاؤں اور ٹانگوں پر ورم بھی زیادہ ہو گئی ہے۔ آنتڑیوں میں سوزش بھی ہے۔ کل رات تو یارک امریکہ کے ایک قابل مخلص احمدی ڈاکٹر جو جلسہ پر آئے تھے یعنی عزیزم ڈاکٹر حافظ عزیز الرحمٰن صاحب نے خاکسار کا تفصیلی معائنہ کیا اور خاکسار کی ضروری مصروفیات غذا وغیرہ کے بارہ میں استفسار کئے۔ نیز گذشتہ تمام ٹیسٹ دیکھ کر کچھ مزید ٹیسٹ لکھ کر دیئے۔ نیز بہت زور سے کہا کہ آپ overdo کر رہے ہیں یعنی آپ کو اس بیماری کی حالت میں جو ضروری آرام کرنا چاہیئے۔ وہ نہیں کر رہے اور کام کر رہے ہیں۔ بہرحال خاکسار کی طبیعت پھر خراب ہو گئی ہے۔ پاؤں اور ٹانگوں پر گھٹنوں تک ورم ہو گئی ہے۔ سانس پھولنے لگا ہے لہٰذا فکر ہے۔ لہٰذا خاکسار پھر اپنے سب بھائیوں اور بہنوں کی خدمت میں عاجزانہ درخواست کرتا ہے کہ وہ اس پیار کے صدقہ جو ان کو حضرت مصلح موعود سے ہے، حضرت مصلح موعود کے نہایت حقیر عاجز خادم اور لڑکے کے لئے خاص دعائیں فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے خاص فضل سے اس ناشے محض کو کامل و عاجل شفاء عطا فرمائے۔ اور کام کرنے والی زندگی عطا فرمائے آمین ثم آمین

خاکسار: سب کی دعاؤں کا محتاج۔ ڈاکٹر مرزا منور احمد

سپاسِ تعزیت

برادرم عبدالمنان کی وفات پر بہت سے احباب و بزرگان تعزیت کے لئے میرے غریب خانہ پر تشریف لائے۔ نیز تعزیت کے خطوط مسلسل آ رہے ہیں۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء ان سب خطوط کا فرداً فرداً جواب دینے میں تاخیر ہو جائے گی۔ بذریعہ الفضل تمام احباب و بزرگان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دعا کی درخواست کرتا ہوں۔ مولا کریم برادرم مرحوم، ان کے بیٹے نصر احمد شاہی اور بیٹی امۃ الکریم بینا کی مغفرت تامہ فرمائے اور پسماندگان (اہلیہ چار بیٹیاں اور تا اقدر احمد پاشا) کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

محمد احمد جلیل جامعہ احمدیہ ربوہ

چوہدری فیض عالم خان صاحب فیض چنگوی انتقال کر گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

افسوس سے اطلاع دی جاتی ہے کہ مکرم و محترم چوہدری فیض عالم خان صاحب فیض چنگوی سابق ایڈیٹر المصلح کراچی مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۹۸۰ء کی درمیانی شب بوقت گیارہ بجے شب کراچی میں اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ جنازہ مورخہ ۱۳ دسمبر بروز ہفتہ کراچی سے ربوہ لایا گیا۔ جہاں حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۴ دسمبر بروز اتوار ساڑھے دس بجے قصر خلافت کے احاطہ میں نماز جنازہ پڑھائی۔ بعد ازاں جنازہ بہشتی مقبرہ لے جایا۔ جہاں تدفین مکمل ہونے پر عبدالرحیم احمد صاحب نے دعا کرائی۔

مکرم فیض چنگوی صاحب مرحوم ایک فدائے احمدیت بزرگ شخصیت تھے اور صوم و صلوٰۃ کے پابند اور بہت دعا گو تھے۔ ساری زندگی احمدیت کی خدمت کو فرض اولین کی طرح نباہتے رہے۔ دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کی اہلیہ محترمہ حفیظہ بیگم صاحبہ اور تمام اولاد کو جن میں پانچ بیٹے اور پانچ بیٹیاں شامل ہیں، صبر جمیل عطا فرمائے۔ اور مرحوم کو خاص قرب اور جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ اور بلند درجات سے نوازے۔ آمین

مرحوم کے بیٹوں کے نام یہ ہیں۔ مکرم چوہدری محمد اسلم راجہ صاحب۔ مکرم محمد اکرم خان صاحب۔ مکرم محمد اکبر راجہ صاحب۔ مکرم محمد ارشد صاحب اور مکرم محمد ہاشم سعید صاحب (مقیم حال لندن)۔ بیٹیوں کے نام۔ فرخندہ اختر صاحبہ اہلیہ چوہدری محمد اسلم صاحب لاہور۔ نصرت جہاں کراچی۔ رفعت جہاں کراچی۔ تحسین اختر اہلیہ اورنگ زیب خان صاحب اور صبیحہ کوثر ہیں۔

مرحوم نہایت اچھے شاعر تھے۔ "تقدیس افکار" آپ کی شاعری کا مجموعہ اور آپ کی دلنواز شخصیت کا آئینہ دار ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مرحوم کو اپنے قرب خاص میں جگہ دے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے آمین

اعلانِ نکاح

حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے اپنے بھانجے مکرم چوہدری ظفر احمد خان صاحب کاہلوں ۱۴ دار الصدر شمالی ربوہ کی صاحبزادی آصفہ ظفر صاحبہ کے نکاح کا اعلان چوہدری سلیمان احمد سجاد صاحب ابن مکرم چوہدری نور محمد صاحب حال راولپنڈی کے ہمراہ تیس ہزار روپے مہر پر مورخہ ۲۷/۱۲/۸۰ کو ان کے مکان پر فرمایا۔ عزیز سلیمان احمد سجاد مکرم چوہدری فقیر محمد صاحب مرحوم ریٹائرڈ ڈی ایس پی کے پوتے ہیں۔

نکاح کی تقریب میں مکرم چوہدری محمد سعید اللہ خان صاحب، مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور، مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب کاہلوں، مکرم شیخ اعجاز احمد صاحب اور دیگر متعدد معززین نے شرکت فرمائی۔ اور نکاح کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی۔

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر جہت مبارک اور مثمر بثمرات حسنہ کرے اور احمدیت و اسلام کی ترقی کا موجب بنائے

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

رقوم داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کیجئے

تمام جماعت ہائے احمدیہ پاکستان کے لئے اعلان ہے کہ صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کی تمام رقوم ساتھ ساتھ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کیجئے۔ اور چندہ کی تفصیل دفتر صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کو بھجوائیے۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ضلع ساہیوال کا سالانہ تربیتی اجتماع

مجالس خدام الاحمدیہ ضلع ساہیوال کا یہ دو روزہ اجتماع بتاریخ ۲، ۳ اکتوبر ۱۹۸۰ء بروز جمعرات، جمعہ بمقام مسجد احمدیہ ساہیوال منعقد ہوا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی سائیکل سکیم کو مدنظر رکھ کر زیادہ سے زیادہ خدام کو سائیکلوں پر اس اجتماع کے لئے آنے کی تحریک کی گئی۔ چنانچہ بفضلِ اللہ تعالیٰ ۶ مجالس کے ۳۶ سائیکل سوار اس میں شرکت کے لئے سائیکلوں پر پہنچے۔

اجتماع کا افتتاح ۲ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو نماز عشاء کے بعد محترم امیر جماعت احمدیہ ساہیوال میجر منظور احمد صاحب نے اپنی افتتاحی تقریر سے کیا۔ امیر صاحب کی تقریر کے بعد مرکزی سلسلہ سے تشریف لانے والے معزز مہمان حافظ مظفر احمد صاحب نے خدام سے خطاب فرمایا۔ جس کے بعد امیر صاحب نے اجتماع کی کامیابی اور بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی۔ دعا کے بعد مکرم عزیز احمد صاحب نے بیرون ممالک میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی نیز حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے حالیہ بیرونی ممالک کے دورہ کی چند تصاویر بھی دکھائیں۔

دوسرے دن یعنی ۳ اکتوبر کے پروگراموں کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔

نماز تہجد و فجر کے بعد مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے درس قرآن کریم دیا۔ ازاں بعد مولوی عبدالمنان صاحب مربی سلسلہ نے درس حدیث دیا۔ پھر تلاوت قرآن کریم، نظم اور تقاریر کے علمی مقابلے ہوئے۔ نیز علمی سوالات و جوابات کا نہایت دلچسپ پروگرام منعقد ہوا۔

اس اجتماع کی آخری نشست نماز جمعہ کے بعد شروع ہوئی۔ اس کلاس کی صدارت محترم محمود احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے کی۔ تلاوت قرآن کریم و نظم خوانی کے بعد مکرم بشیر احمد صاحب رفیق امام مسجد لنڈن نے تقریر فرمائی۔

آپ نے عیسائیت کی ناکامی پر روشنی ڈال کر واضح فرمایا کہ یورپین معاشرہ بطور شعور پر بے حیائی کی تصویر ہے اور وہ اب ہماری جماعت کے ذریعہ بنی نوع انسان لائے گا یا تباہ ہوگا۔

اس کے بعد مکرم و محترم حافظ مظفر احمد صاحب نے اپنی تقریر میں صحابہ رضی اللہ عنہم آنحضرت صلعم کی احیائے دین کے لئے بے نظیر قربانیوں کا ذکر کیا۔ محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ ساہیوال نے خدام الاحمدیہ کی اس کلاس کی اہمیت واضح کی اور آخر میں اجتماع سے کما حقہٗ فائدہ اٹھانے کی تلقین کی۔

اس کے بعد خاکسار قائد ضلع نے مجلس خدام الاحمدیہ ضلع ساہیوال کی سالانہ کارگزاری کی مختلف شعبوں کی رپورٹ پیش کی اور آخر میں مزید ترقی کے لئے دعا کی درخواست کی۔ ساتھ ہی یہ اعلان بھی کیا کہ آئندہ کارگزاری کی بنیاد پر اوّل آنے والی مجلس کو ضلعی قیادت کی طرف سے انعام دیا جائے گا۔

تقسیم انعامات کے بعد اپنی صدارتی اور اختتامی تقریر میں محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے فرمایا کہ ہمارا غلبۂ اسلام کے متعلق اعلان دعویٰ ایمان اور عملِ صالح سے وابستہ ہے۔ تربیت کی پہلی کڑی یہ ہے ہم میں سے ہر شخص انفرادی حیثیت میں اپنی اصلاح کرے اور ایک صاف ستھرا معاشرہ قائم کرے۔ معاشرہ کے بڑے جو نمونہ پیش کریں گے۔ بچے اس کی تقلید کریں گے۔ آپ نے فرمایا کہ بہترین تبلیغ اچھا کردار ہے۔ اسی طرح یہ حضور کی مختلف تحاریک پر ہمیں ہمیشہ لبیک کہنا چاہیئے۔ ہر گھر میں تلاوت قرآن کریم کا اہتمام ہونا چاہیئے۔ اسی طرح تعلیمی میدان میں حضور کی تحریک کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ آپ نے فرمایا خلافت کے ہر حکم کی اطاعت ہم پر لازم ہے۔ اسی میں ہماری بھلائی ہے۔ اور یہی خلافت سے محبت ہے۔ جو خدا تعالیٰ نے ہمیں نعمت کے طور پر دی ہے۔

دعا کے بعد یہ نہایت ہی مبارک اور کامیاب اجتماع اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

(قائد خدام الاحمدیہ ضلع ساہیوال)

شکریہ احباب و درخواستِ دعا

والدِ محترم محمد عبدالحق صاحب مجاہد امرتسری آف گنج مغلپورہ لاہور گذشتہ دنوں نقرس کی وجہ سے بیمار ہو گئے تھے۔ اس تکلیف کے ساتھ ہی بلڈ پریشر کی تکلیف بھی بڑھ گئی جس کی وجہ سے طبیعت خراب ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مذکورہ تکلیف میں تو اب پہلے کی نسبت افاقہ ہے۔ لیکن آج مورخہ ۱۱ دسمبر سے اچانک بندش پیشاب کی تکلیف ہو گئی۔ جس کی وجہ سے بہت تکلیف ہے اور کمزوری بھی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ شافیٔ مطلق خدا محض اپنے فضل سے والدِ محترم کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور آپ کو مقبول خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(محمد انوار الحق گنج مغلپورہ لاہور)

دعائے مغفرت

میرے چچا زاد بھائی خواجہ عبدالواحد صاحب قریباً ایک سال تک گردوں کی تکلیف میں مبتلا رہنے کے بعد ۵۶ سال کی عمر میں ۱۱ دسمبر کو صبح ۴ بجے کے قریب وفات پا گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

وفات کی اطلاع ملنے پر کراچی، راولپنڈی، اوکاڑہ اور واہ کینٹ سے بہت سے دوست، رشتہ دار گوجر خاں پہنچ گئے۔ اور ۵ بجے شام مکرم جناب مولانا دین محمد صاحب شاہد ایم۔ اے مربی سلسلہ واہ کینٹ نے نماز جنازہ پڑھائی جس کے بعد احمدیہ قبرستان گوجر خاں میں تدفین عمل میں آئی۔

مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک اور مخلص احمدی تھے۔ جنازہ میں احباب جماعت کے علاوہ یکصد کے قریب غیر از جماعت احباب بھی شریک ہوئے۔ مرحوم نے اپنے پیچھے سوگوار بیوہ کے علاوہ چھ لڑکیاں اور تین لڑکے چھوڑے ہیں۔ سوگوار خاندان میں ان کے بوڑھے ماں باپ اور چار بھائی اور تین بہنیں اور دوسرے رشتہ دار ہیں۔ احباب سے درخواست ہے کہ مرحوم کی بلندیٔ درجات اور مغفرت نیز پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا ہونے کے لئے دعا فرمائیں۔

(شیخ عبدالحکیم ایجنٹ الفضل
ورائٹی سنٹرل ریل بازار اوکاڑہ ضلع ساہیوال)

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے
کہ وہ الفضل خود خرید کر پڑھے۔ (مینیجر الفضل)

نیکی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیۂ نفس کرتی ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلاناتِ نکاح

(۱) مکرم و محترم مولانا نذیر احمد صاحب مبشر (قاضی سلسلہ عالیہ احمدیہ) نے میرے بیٹے نعیم احمد طاہر کے نکاح کا اعلان، ہمراہ عزیزہ امۃ النصیر صاحبہ بنت ماسٹر محمد اسماعیل صاحب ساکن ننکانہ ضلع شیخوپورہ بعوض حق مہر مبلغ دس ہزار روپے مسجد المہدی گولبازار ربوہ میں مورخہ ۲۵ دسمبر ۱۹۸۰ء بعد نماز ظہر و عصر کیا۔ قارئین کرام سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے ہر لحاظ سے باعثِ رحمت و خیر و برکت و مثمر ثمرات حسنہ بنائے۔ (آمین)

(عبدالکریم چوہدری ۹۷۔ ظفر الحق روڈ۔ راولپنڈی)

(۲) میرے بیٹے مقصود احمد ساجد نیشنل بنک آف پاکستان اسلام آباد کا نکاح مبلغ -/۵۰۰۰ روپے حق مہر پر عزیزہ منصورہ شاہین بنت بشیر احمد صاحب چیمہ (مرحوم) مکان نمبر ۴/۷ سی ۵ اسلام آباد کالونی لاہور کے ساتھ مورخہ ۸۰/۱۲/۲۴ کو قرار پایا۔ اس نکاح کا اعلان مکرمی محی الدین ملک صاحب صدر حلقہ اسلامیہ پارک لاہور نے بعد از نماز جمعہ فرمایا

بزرگان سلسلہ و احباب جماعت دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر دو خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر ثمرات حسنہ بنائے (آمین)

(سردار بیگم زوجہ محمد شفیع (مرحوم) گرین ٹاؤن لاہور)

ولادت

خاکسارہ کے بڑے بیٹے عزیز ظفر اقبال ملک کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے جو مکرم مفتی حامد حسن صاحب آف پشاور کی نواسی ہے اور مکرم ملک محمد اکبر علی صاحب بٹالوی (مرحوم) کی پوتی ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ بیٹی کو صحت کے ساتھ طویل عمر عطا فرمائے۔ آمین۔

(مسعودہ اختر اہلیہ ملک بٹالوی مرحوم کراچی)

درخواست دعا

خاکسار کو کافی دیر سے سانس کی تکلیف ہے۔ جس کے باعث سردیوں کے ایام میں کھانسی کی شکایت بھی ہو جاتی ہے احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ ہر دو تکالیف سے کامل شفا یابی سے نوازے اور اپنے فضلوں کا وارث بنائے۔ آمین (چوہدری محمد سعید مکان نمبر ۴/۱ نیو کرشی ایریا ربوہ)

احباب جماعت کو
نیا سال مبارک ہو
کیور ہومیو میڈیسن (ڈاکٹر لہر ہومیو)
کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور، کراچی ہیڈ آفس گولبازار۔ ربوہ
فون نمبر ۶۰۷/۶۰۶

احباب جماعت کو
نیا سال مبارک ہو
حکیم عبدالحمید اعوان مشہور دواخانہ
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ۱۹۰
فون گوجرانوالہ ۷۴۸۴۴ ؛ فون ربوہ ۶۳۸۰

قرارداد تعزیت

منجانب مجلس انصار اللہ مرکزیہ قادیان زیر فیصلہ ۱۲/۲۳-۱۰-۸۰

رپورٹ مکرم صدر صاحب مجلس انصار اللہ مرکزیہ کہ حضرت مولانا قاضی محمد نذیر صاحب لائل پوری مورخہ ۱۵ تبوک ۱۳۵۹ ہش / ۱۵ ستمبر ۱۹۸۰ء کو ۸۲ سال کی عمر میں ربوہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حضرت قاضی محمد حسین صاحب ساکن کوروالی ضلع سیالکوٹ کے فرزند رشید تھے۔ آپ نے منشی فاضل، مولوی فاضل۔ انگریزی میں ایف اے کیا۔ آپ پہلے امیر جماعت احمدیہ لائل پور رہے۔ پھر ۱۹۳۸ء میں زندگی وقف کر کے مرکز قادیان میں آ گئے۔ اور ایک لمبا عرصہ مدرسہ احمدیہ تعلیم الاسلام کالج اور جامعہ احمدیہ میں تعلیم دیتے رہے۔ اور بطور ناظر دعوت و تبلیغ اور ناظر اشاعت لٹریچر و تصنیف لمبا عرصہ خدمات کا موقعہ ملا۔ غرض آپ کی تمام زندگی خدمات دینیہ میں بسر ہوئی۔ آپ بلند پایہ عالم۔ بہترین مقرر۔ مناظر تھے۔ آپ کے وجود سے علمی مجالس بارونق نظر آیا کرتی تھیں۔ آپ نے اپنی علمی و دینی خدمات کی وجہ سے جماعت میں ممتاز مقام پایا۔ آپ دعا گو۔ مستجاب الدعوات، صاحب رؤیا و کشوف بزرگ تھے۔ لہٰذا قرارداد تعزیت مجلس میں پیش ہے۔

حضرت مولانا قاضی محمد نذیر صاحب لائل پوری کی وفات پر مجلس انصار اللہ مرکزیہ قادیان اظہار تعزیت کرتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہے کہ مولانا صاحب کی روح کو اعلیٰ علیین میں اپنے قرب میں جگہ عطا فرمائے اور آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور بزرگ باپ کی فضیلتوں کا وارث بنائے۔ آمین۔

(صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ قادیان)

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں اور ٹیوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس اور سلنسر پائپ کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳
میاں بھائی الو سٹور
۱۰ منٹگمری روڈ لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور

احباب جماعت کو
نیا سال مبارک ہو
دواخانہ حکیم نظام جان
حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر
گوجرانوالہ
فون: ۷۳۹۹۷

روپیہ کو ہمیشہ گردش میں رکھئے
ہمارے کسی بھی نفع بخش پراجیکٹ میں
محفوظ سرمایہ کاری کیجئے
الحمرا اسٹیٹس فون ۳۸۲۲۲
۶۹۹۔ اے سٹیلائٹ ٹاؤن سرگودھا
۶۷ سی نیو مسلم ٹاؤن لاہور۔ فون: ۸۸۴۶۱۶